۹۱

[illegible]

یہ بھی لکھا ہے جو زین العابدین پیدا ہوئے
بانو بھی عاشق ہوئی شبیر بھی شیدا ہوئے

۹۲

[illegible]

اپنی دادی کی طرح سے خلق میں معصوم تھے
زندگی بھر اپنے بابا کی طرح مظلوم تھے

۹۳

[illegible]

مستند راوی کئی ناقل ہیں اس احوال کے
قید سے چھوڑا انہیں اسکو بعد اک سال کے

۹۴

[illegible]

ہو اگر بینا جو دسویں کے بعد گھٹنا ماہ کا
نور کم ہوتا نہیں ہے اولیا اللہ کا

۹۵

[illegible]

صدمہ پر صدمے سہے شام و سحر مثل حسین
ظلم اعدا کے اٹھائے زیست بھر مثل حسین

۹۶

[illegible]

سایہ دار ایسی جگہ کوئی نہ پائی سال بھر
دھوپ کی اور اوس کی ایذا اٹھائی سال بھر

۹۷

[illegible]

عشق بچپنا تھا نہ ماں اور باپ کو سجاد کا
نقشہ اُسمیں صاف تھا آباو اجداد کا

۹۸

[illegible]

نائب حیدر رہے اور جانشین مصطفیٰ
بعد میرے اس سے قائم ہوگا دین مصطفیٰ

۹۹

[illegible]

بعد قتل شاہ دنیا میں رہے چالیس سال
اک برس زندان میں اور شہر میں انتالیس سال

www.emarsiya.com

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ٹوٹنا اطفال کا خیمہ میں خطے آپ سے
شدتِ آزار میں چھٹنا تمام احباب سے

رنج میں تھا مبتلا کیا قید میں کیا بعد قید
تھا گرفتارِ بلا کیا قید میں کیا بعد قید

حلق سے تیغ کے دریا لہو کا بہ گیا
دیدہ و دانستہ عابد جی چھپا کر رہ گیا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

زینب و کلثوم کی شہ سے جدا ہونے کی دھوم
سینہ و سر پیٹنے کا شور اور رونے کی دھوم

دیکھی ہے آنکھوں سے جو حضرت کی حالت کیا کہوں
آپ کا پرسا مجھے دیتی ہے خلقت کیا کہوں

گھر میں غش ہو جاتے تھے آنسو بہا کر بارہا
تو بہ سا جاتے تھے جنگل میں جا کر بارہا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

شہ کے جاتے ہی شناغل فرقۂ بے پیر کا
کاٹ ڈالا شمر بے دین نے گلا شبیر کا

میں کسی سے حال کہہ سکتا نہیں ہوں آپ کا
ہو نہیں سکتا بیان بیٹے سے مرنا باپ کا

وہ پکارا یہ کہ بس تھا یا کہ اچھا آب تھا
جل گیا سارا بدن میرا یہ کیسا آب تھا

www.emarsiya.com

[illegible]

تو نے کچھ قدر و طہارت اسکی پہچانی نہیں
اے چشم حضرت عابد ہو پانی نہیں

[illegible]

پیشتر مجکو خبر ہو چکی تھی قتل شاہ کی
ورنہ میں کرتا رفاقت اس شہ ذیجاہ کی

[illegible]

اپنے کی سو سو طرح اتمام حجت شاہ نے
پر نہ مانی ایک بات اس فرقہ گمراہ نے

[illegible]

رنج پہونچا دار کسی کو میں یہ اپنی خو نہیں
عذر کرتا ہوں کہ رونے پر مرا قابو نہیں

[illegible]

قصد کشتی کرنے کا عزم سبط پیغمبر نہ تھا
فاقہ کش تھے دولت دنیا تھی لشکر نہ تھا

[illegible]

آشکارا ہے حکیمی سید ابرار کی
جاری امت سے نہ ہے حکم خدا آلوار کی

[illegible]

تم امام وقت ہو تم نائب شبیر ہو
مجھ سے گستاخی ہوئی عفو مری تقصیر ہو

[illegible]

پھر ارادہ بند ہو گیا یہ ظالم بے پیر کا
خون کعبہ میں روا ہے حضرت شبیر کا

[illegible]

چشم سے ہر ایک کی دریا لہو کا بہہ گیا
دوپہر کو سبط پیغمبر اکیلا رہ گیا

www.emarsiya.com

۲۸

[illegible]

بیرے آگے فاطمہ کا گھر بھرا خالی ہوا
بھر گیا میدان لاشوں سے بھرا خالی ہوا

۲۹

[illegible]

میرے آگے بھائی اکبر کی شہادت ہو گئی
آنکھوں سے دیکھا کہ شہ کی کم بصارت ہو گئی

۳۰

[illegible]

پھر ہوا نیزے پہ فرزند علی کا سر بلند
شور تھا دونوں جہان میں ہے نبی کا سر بلند

۳۱

[illegible]

زینبوں کو ننگے اونٹوں پر بٹھا کر لے گئے
پا پیادہ شام تک مجھکو ستمگر لے گئے

۳۲

[illegible]

دیکھ کر سر شاہ کا بانی سکینہ مر گئی
عشق میں شہ کے وہ اپنا نام روشن کر گئی

۳۳

[illegible]

کانپتے ہاتھوں پہ میرے میت ہمشیر تھی
اور الجھتی ہر قدم پر پاؤں کی زنجیر تھی

۳۴

[illegible]

آسکی ہر اک چشم تشنہ ندی لہو کی بہتی تھی
ہای پیاری ہای پیاری ہای پیاری کہتی تھی

۳۵

[illegible]

کیا بھلا اہل وطن کو جا کے منہ دکھلاؤں میں
شام میں بچکو چھوڑوں اور وطن کو جاؤں میں

۳۶

[illegible]

جب اسے سب نے سکینہ کی دکھایا قبر
اس گھڑی رونا مری ماں کا نہ کم تھا ابر

www.emarsiya.com

[illegible]

کیا بیاں تجھ سے کروں اعجاز شناس آن کا
شہر بانو کو دیا پدر سا سکینہ جان کا

[illegible]

دم نکل جائے نہ اس اندوہ صبح و شام سے
استراحت سے نہ تم واقف ہوئے آرام سے

[illegible]

ایسے ماتم میں نہ کیوں آنکھوں سے خوں جاری کروں
کم نہایت ہے اگر میں حشر تک زاری کروں

[illegible]

ہے حوالے تیرے عترت احمد مختار کی
چوم جا کر جلد تربت احمد مختار کی

[illegible]

اک پسر سے اس ہنیر کو جو فرقت ہو گئی
روتے روتے آنکھوں میں زائل بصارت ہو گئی

[illegible]

احمد و حیدر یہیں گریاں میں فقط روتا نہیں
حق جو رونے کا ہے مجھ سے وہ ادا ہوتا نہیں

[illegible]

گریہ کرتے ہو اسوں پہ کہتا حق کی جانب آپ کے
کس لئے رو رو کے ہر دم غم میں اپنے باپ کے

[illegible]

جو کوئی روتا بہت ہے فرقت محبوب سے
آج تک دیتے ہیں نسبت گریہ یعقوب سے

[illegible]

قبر پر سجاد کی اب بھی جو خلقت جاتی ہے
مومنوں کے کان میں آواز گریہ آتی ہے

www.emarsiya.com